28فروری،2012

بینکوں کو بینکنگ محتسب / گورنر، اسٹیٹ بینک کے ہر حکم کی تعمیل کی رپورٹ جمع کرانے کی ہدایت

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے تمام بینکوں/ترقیاتی مالیاتی اداروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ بینکنگ محتسب آف پاکستان (BMP) اور گورنر، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ہر حکم کی تعمیل کی رپورٹ دستاویزی ثبوت کے ساتھ اس کی تعمیل کے ایک ہفتے کے اندر ایگزیکٹو وائس پریزیڈنٹ / گروپ ہیڈ کی رینک کے یا اس سے زائد کے مجاز آفیسرز کی معرفت اسٹیٹ بینک کے کنزیومر پروٹیکشن ڈیپارٹمنٹ کے سربراہ کے پاس جمع کرائیں۔

واضح رہے کہ بینکنگ کمپنیز آرڈیننس 1962 (BCO) کے سیکشن 82ای (5) کے تحت بینک بینکنگ محتسب آف پاکستان (BMP) کے فیصلے پر آرڈر کی تاریخ سے 40 روز کے اندر عملدرآمد کے پابند ہیں، تاہم بینکنگ محتسب کے فیصلے کے خلاف گورنر، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو اپیل کیے جانے کی صورت میں 40 روز کی مندرجہ بالا مدت اپیل کے فیصلے کی تاریخ سے شمار ہوگی۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے سی پی ڈی سرکلر نمبر 1 مورخہ 28 فروری، 2012 کے مطابق ایسے واقعات سامنے آئے ہیں جن میں بینکوں نے بینکنگ کمپنیز آرڈیننس کی مندرجہ بالا شرائط پر عملدرآمد نہیں کیا اور بینکنگ محتسب آف پاکستان اور گورنر، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے احکام کی نمایاں تاخیر کے ساتھ تعمیل کی۔

سرکلر میں کہا گیا ہے کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے اس طرح کی عدم تعمیل کا سخت نوٹس لیا ہے اور فیصلہ کیا ہے کہ بی سی او 1962 کے سیکشن 82ای (5) کی اس خلاف ورزی پر انضباطی کارروائی کی جائے گی۔

☆☆☆